سوال

(83)انگوٹھی کس انگلی میں پہنی جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

انگوٹھی کاکس انگلی میں پہننا افضل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمةالله وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عربی زبان میں پانچوں انگلیوں کےلیے نام پائے جاتے ہیں۔

خِنصر:چھوٹی انگلی.........Littlefinger

بنصر:چھوٹی انگلی کے ساتھ والی Ringfinger...

والوسطیٰ:بیچ کی انگلی Middlefinger

سبابۃ:تشہدوالی انگلی..........Indexfinger

اِبہام:انگوٹھا Thumb

سبابہ کے لغوی معنی ہیں:گالی دینےوالی،(سب یسب،سبا)اورچونکہ زبانی گالم گلوچ میں اسی انگلی سےاپنے مخالف کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے،اس لیے اسے سبابہ کہا جاتا ہے اور مسلمانوں کے ہاں اسے شہادت کی انگلی کہا جاتاہے۔صحیح مسلم میں ہے:

نبی ﷺ نے انگوٹھی کوخنصر یا بنصر میں پہننے کوجائزقرار دیا ہے اور وسطیٰ میں پہننے سے منع فرمایا۔(یہ دو مختلف احادیث کا مجموعہ ہے۔ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ بائیں ہاتھ کی خنصر(چھوٹی انگلی)میں انگوٹھی پہنتے تھے۔(صحیح مسلم ،اللباس والزینۃ،حدیث:2095)دوسری حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے درمیان والی اوراس کے ساتھ والی انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔(صحیح مسلم،اللباس والزینۃ،حدیث:2078).

جمہوراہل علم نے اس مذہب کواختیار کیا ہے کہ وسطیٰ میں انگوٹھی پہننے کی ممانعت کراہت کے درجہ کی ہے،یعنی وسطیٰ اورسبابہ میں انگوٹھی پہننے سے احترازکرنا چاہیے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

متفرق مسائل، صفحہ:424

محدث فتویٰ